# Rampur State Gazette.

رامپور اسٹیٹ گزٹ

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز شنبہ تاریخ یکم جمادی الاول ۱۳۵۶ھ مطابق ۱۰ جولائی ۱۹۳۷ء


## حصہ دیگر

# احکام عالیہ منسٹر صاحبان و سکریٹری صاحبان بہادر


| | |
|---|---|
| احکام اجلاس عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر | ۲ |
| احکام اجلاس عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر | ۳ |
| احکام اجلاس عالی مرتبت صاحب منسٹر بہادر ایجوکیشن و پبلک ورکس ڈپارٹمنٹ | ۴ و ۵ |
| حکم اجلاس عالی مرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر | ۶ |
| فہرست مقدمات عدالت العالیہ ہائی کورٹ | ۷ و ۸ |
| متفرق احکام سکریٹری صاحبان بہادر | ۹ و ۱۰ |
| نقشہ بارش | ۱۱ |
| نقشہ نرخنامہ اجناس | ۱۲ |



مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

# احکام اجلاس عالیمرتبت جناب صاحب چیف منسٹر بہادر

## اطلاع عام

اکثر زائرین ایرانی قونسل مقیم سے باسانی پروانہ رہداری حاصل کر لیتے ہیں۔ اگرچہ ان پروانوں کا اجرا کسی خاص مدت کے لیے نہیں ہوتا ہے۔ لیکن مشہد پہنچنے پر ایرانی پولیس ایسے زائرین کو مطلع کر دیتی ہے کہ ایران میں انکا پندرہ روز سے زیادہ قیام ناجائز ہے۔

ایرانی قونسل کے یہاں سے ایسے پروانہ رہداری بھی جو ایکماہ تک کارآمد ہوں جاری کیے جاتے ہیں جنکی مدت معینہ میں زائرین کی درخواست پر وقت اندراج شدہ میں مزید دو ماہ کی توسیع کیجا سکتی ہے۔

جبتک کسی زائر کو مدت معینہ کے اندر زیارات بعجلت ختم کرلینے کا کافی یقین نہ ہو۔ انکو چاہیے کہ وہ مکمل پروانہ رہداری (Visa) حاصل کرے۔

ترجمہ بغرض اندراج گزٹ مطبع سرکاری کو مرسلہ۔ ۲۰ جون ۱۹۳۶ء

دستخط عالیمرتبت جناب چیف منسٹر بہادر

## اضافہ

مصدرہ تحریر صاحب چیف میڈیکل آفیسر بہادر دربارہ منظوری اضافہ گریڈ پانچروپیہ ماہوار بہ تنخواہ مسز ایم رفیع ہیلتھ وزیٹر رخصت میٹرنٹی چائلڈ ویلفیر سنٹر مشاہرہ درجہ ۳۰ روپیہ ماہوار از ۲۳ جون ۱۹۳۶ء حسب اتفاق ہیڈ فائنانس۔

### حکم

حسب تحریر صاحب چیف میڈیکل آفیسر بہادر باتفاق ہیڈ فائنانس مسز ایم رفیع ہیلتھ وزیٹر کی تنخواہ میں ۲۳ جون ۱۹۳۶ء سے اضافہ گریڈ پانچروپیہ ماہوار کی منظوری دیجاتی ہے۔ مسز ایم رفیع ہیلتھ وزیٹر کی مستقل ملازمت کو بتاریخ ۲۲ جون ۱۹۳۶ء کو ایکسال ختم ہو گیا ہے۔ اور حکم تقرر میں پانچروپیہ ماہوار سالانہ اضافہ (تا یکصد روپیہ) دیا جانا طے ہو چکا ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ ۲ جولائی ۱۹۳۶ء

دستخط عالیمرتبت جناب چیف منسٹر بہادر

## منسوخی رخصت

مصدرہ تحریر صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر نظری درخواست منظور علی نگراں باورچیخانہ انگریزی عام باستدعائے منسوخی بقیہ رخصت ایکماہ منجملہ رخصت چارماہ منظور شدہ بوجہ حاضری بر ملازمت خود بتاریخ ۲۰ اپریل ۱۹۳۶ء مع تحریر جناب فائنانس سکریٹری بہادر (آڈٹ)

### حکم

منظور علی نگراں باورچیخانہ انگریزی عام کی رخصت چارماہ بغرض سفر حج بیت اللہ شریف از یوم استفادہ بحکم ۱۴ جنوری ۱۹۳۶ء منظور ہوئی تھی۔ منظور علی نگراں نے ۲۰ جنوری ۱۹۳۶ء سے رخصت منظور شدہ سے استفادہ حاصل کیا۔ ۲۰ مئی ۱۹۳۶ء کو رخصت ختم ہوتی۔ لیکن وہ ۲۰ اپریل ۱۹۳۶ء کو اپنے کام پر حاضر ہو گئے لہذا ایکماہ ایک یوم کی رخصت منسوخ کیجاتی ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

۲ جولائی ۱۹۳۶ء

دستخط عالیمرتبت جناب چیف منسٹر بہادر

# احکام اجلاس عالی مرتبت جناب صاحب ریونیو منسٹر بہادر

## معطلی

ویونگ اسکول کے حسابات کی فائنانس ڈپارٹمنٹ نے
[...] جانچ کی جس میں سرکاری رقوم اور مال کا بیجا تصرف پایا گیا
[...]ملات مندرجہ رپورٹ آڈٹ کی بابت منیجر ویونگ اسکول کا
[جوا]ب لیا جائیگا اور تحقیقات کیجائیگی تا ختم کارروائی منشی نجابت [...]
[...] ویونگ اسکول کو معطل کیا جاتا ہے۔ ماسٹر حبیب اللہ سینیر ماسٹر
[اس] عرصہ میں اسکول کے ذمہ دار رہیں گے۔ اسپیشل آفیسر صاحب نے
[...] ماسٹر حبیب اللہ کو نامزد کیا ہے۔

حکم ہوا کہ

[...]سے احکام جاری ہوں۔ ۳؍ جولائی ۱۹۳۷ء

دستخط عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر

## تقرر

شعبہ ریونیو صاحب اکزیکیٹو انجنیئر اظہار دہ ہیں
مضمون کہ بابو حامد حسین سب اوورسیر کا تقرر ورک چارج
بشاہرہ ۵۰؎ روپیہ ماہوار ۱۹ جون ۱۹۳۷ء سے
برائے چار ماہ منظور فرمایا جائے۔ تنخواہ بد ٹیوب ویل
تعدادی ساٹھ ہزار ۶۰۰۰۰ پر چارج ہوگی۔

## حکم

[...] حامد حسین سب اوورسیر کا تقرر ورک چارج بشاہرہ ۵۰؎ ماہوار
[بحیثیت] سب اوورسیر ۱۹ جون ۱۹۳۷ء سے برائے چار ماہ منظور ہے۔
[تن]خواہ بد ٹیوب ویل تعدادی ساٹھ ہزار پر چارج ہوگی۔ احکام
[ض]ابطہ جاری ہوں۔ ۴؍ جولائی ۱۹۳۷ء

دستخط عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر

## تقرر

شعبہ ریونیو صاحب اکزیکیٹو انجنیئر اظہار دہ ہیں
خلاصہ کہ بابو محمد عزیز الدین ساکن ضلع غیر کا تقرر
بشاہرہ ساٹھ روپیہ ماہوار بطور ورک چارج یوم
کارکردگی سے برائے چار ماہ منظور فرمایا جائے۔
تنخواہ بد ٹیوب ویل تعدادی ساٹھ ہزار ۶۰۰۰۰ پر
چارج ہوگی۔

## حکم

بابو محمد عزیز الدین ساکن ضلع غیر کا تقرر بشاہرہ ساٹھ روپیہ ماہوار
بطور ورک چارج بحیثیت سب اوورسیر یوم کارکردگی سے برائے
چار ماہ منظور ہے۔ تنخواہ بد ٹیوب ویل تعدادی ساٹھ ہزار ۶۰۰۰۰
پر چارج ہوگی۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۵؍ جولائی ۱۹۳۷ء

دستخط عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر

# احکام اجلاس عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر ایجوکیشن و پبلک ورکس ڈپارٹمنٹ

## رُخصت

۲۹ر جون سنہ ۱۹۳۶ء

مصدرہ کاغذات یادداشت انجنیر صاحب روشنی برقی منشیہ معروضی معہ نقشہ رخصت فرد رعایتی بسلسلہ سابقہ چودہ یوم از ۱۸ر جون سنہ ۱۹۳۶ء لغایت یکم جولائی سنہ ۱۹۳۶ء منشی سرور علیخاں ایکاؤنٹ کلرک بجلی گھر مشاہرہ دار ستائیس روپیہ ماہوار بوجہ علالت خود مع تصدیق ڈاکٹر صاحب فائنانس سکریٹری بہادر (آڈٹ) بابت استحقاق رخصت مطلوبہ۔

## حکم

حسب سفارش انجنیر صاحب روشنی برقی و باتفاق ہائے ایکاؤنٹ آفس منشی سرور علیخاں اکاؤنٹ کلرک کی مزید رخصت رعایتی چودہ یوم من ابتدائے ۱۸ر جون لغایت یکم جولائی سنہ ۱۹۳۶ء منظور رہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر ایجوکیشن و پبلک ورکس ڈپارٹمنٹ

## رُخصت

۲۹ر جون سنہ ۱۹۳۶ء

مصدرہ یادداشت انجنیر صاحب روشنی برقی دربارہ منظوری رخصت رعایتی بارہ یوم مسمی بین انجن ڈرائیور بجلی گھر مشاہرہ دار پچیس روپیہ ماہوار از ۱۲ر لغایت ۲۳ر جون سنہ ۱۹۳۶ء بوجہ علالت ناجبرہ بہ تنسیخ رخصت اتفاقیہ چار یوم مسلسلہ از ۱۲ر لغایت ۱۵ر جون سنہ ۱۹۳۶ء حسب تصدیق ڈاکٹر صاحب فائنانس سکریٹری بہادر (آڈٹ)

## حکم

مسمی بین انجن ڈرائیور کی رخصت رعایتی بارہ یوم بہ تنسیخ رخصت اتفاقیہ چار یوم من ابتدائے ۱۲ر لغایت ۱۵ر جون سنہ ۱۹۳۶ء منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط عالی مرتبت صاحب منسٹر بہادر ایجوکیشن و پبلک ورکس ڈپارٹمنٹ

## رُخصت

۲۹ر جون سنہ ۱۹۳۶ء

مصدرہ یادداشت انجنیر صاحب روشنی برقی دربارہ منظوری رخصت رعایتی آٹھ یوم ۱۰ر لغایت ۱۷ر جون سنہ ۱۹۳۶ء منشی چندی پرشاد ایکاؤنٹنٹ بجلی گھر مشاہرہ دار پچپن روپیہ ماہوار بوجہ علالت خود بہ تنسیخ رخصت اتفاقیہ تین یوم مسلسلہ از ۱۰ر لغایت ۱۲ر جون سنہ ۱۹۳۶ء حسب تصدیق ڈاکٹر صاحب فائنانس سکریٹری بہادر (آڈٹ)

## حکم

بابو چندی پرشاد ایکاؤنٹنٹ بجلی گھر کی رخصت

[illegible] آٹھ یوم بہ تبلیغ رخصت تین یوم اتفاقیہ ۱۰ر جون
[illegible] سے منظور رہے۔ بسررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری
ہوں۔
دستخط عالی مرتبت صاحب منسٹر بہادر ایجوکیشن و پبلک ورکس ڈیپارٹمنٹ

## اعلان

۲۹ر جون ۱۹۳۶ء

بجٹ اوقاف سے ہر سال مرمت مساجد میں رقم
صرف ہوتی ہے لیکن مرمت مساجد کے متعلق درخواستیں
[illegible] اور بلا کسی تخمینہ کے پیش ہوتی رہی ہیں لہٰذا
یہ انتظام کیا گیا ہے کہ کارکنان مساجد ماہ نومبر ۱۹۳۶ء
سے قبل اس قسم کی درخواستیں روانہ کر دیں۔ درخواستوں
کے ساتھ ایک اندازی مصارف کا تخمینہ بھی شامل کیا جائے
اور دیگر حالات بھی مفصل درج کئے جائیں جس سے
یہ اندازہ ہو سکے کہ مسجد کی کیا حالت ہے اور کیا ذریعہ
[illegible] امداد محکمۂ اوقاف سے دیجائے۔ امید ہے کہ اس
طرز عمل سے ہر ضروری کام انجام پا جائے گا۔
نوٹ:- جو درخواستیں نامکمل ہوں گی ان پر غور
نہ کئے جانے کا امکان ہوگا۔
دستخط عالی مرتبت صاحب منسٹر بہادر تعلیمات و پبلک ورکس ڈیپارٹمنٹ

## اضافہ

۳۰ر جون ۱۹۳۶ء

حسب یادداشت ہیڈ ماسٹر صاحب ہائی اسکول
دربارہ منظوری اضافہ گریڈ پانچ روپیہ ہوا
ماسٹر شریف احمد صاحب ایف۔ اے۔ بی۔ ٹی
مشاہرہ بابت [illegible] ہوا ازیکم مئی ۱۹۳۶ء

مسودہ جناب صاحب فائننس سکریٹری بہادر

## حکم

ماسٹر شریف احمد صاحب ایف۔ اے۔ بی۔ ٹی کو
بموجب گریڈ منظور شدہ مبلغ پانچ روپیہ یکم مئی ۱۹۳۶ء سے
اضافہ دیا جانا منظور ہے۔ بسررشتہ صدر سے احکام ضابطہ
جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔
دستخط عالی مرتبت صاحب منسٹر بہادر ایجوکیشن پبلک ورکس ڈیپارٹمنٹ

# حکم اجلاس عالیمرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر

## اطلاع

سال گذشتہ کے ایسے حسابات کے لئے جو ۳۰ اپریل ۱۹۳۶ء تک آڈٹ موصول ہو چکے تھے۔ لیکن بوجہ اعتراضات پاس نہ ہو سکے تھے اور بغرض تکمیل صیغہ جات کو گئے ہوئے ہیں اُن کی مجرائی کے لئے آخری تاریخ ۱۰ جولائی ۱۹۳۶ء مقرر ہو چکی ہے۔ اور ذریعہ اجرائے احکام جملہ صیغہ جات کو اطلاع دی گئی ہے۔ کہ ۱۵ جولائی ۱۹۳۶ء تک ایسے جملہ حسابات آڈٹ بھیجدئیے جائیں ورنہ مجرائی بجٹ سال حال سے ہوگی اس بارہ میں تاکیدی احکام بموجب تحریر عالیمرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر ۲۹ مئی ۱۹۳۶ء کو بھی جاری ہو چکے ہیں۔ چونکہ ۱۰ جولائی کی آج تیسری تاریخ ہو گئی لہٰذا مزید تاکید کا اجرا مناسب معلوم ہوتا ہے۔

لہٰذا

احکام گشتی عالیمرتبت منسٹر صاحبان بہادر کیجہت متعلقین مرسلہ کو تقیید ہو دیا جائے کہ براہ کرم صیغہ جات ماتحت سے ۱۵ جولائی ۱۹۳۶ء تک جملہ حسابات مذکور آڈٹ بھیجدئیے جانے کی بابت انتظام فرما دیا جائے ورنہ اس قسم کے حسابات بجٹ ۳۷-۱۹۳۶ء سے مجرا ہونگے۔ ایک ایک نقل ہر دو سینیر سپرنٹنڈنٹ صاحبان کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ ۳ جولائی ۱۹۳۶ء

دستخط عالیمرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر

# فہرست مقدمات عدالت العالیہ ہائی کورٹ ریاست رامپور

فہرست مقدمات جن کی پیشی من ابتدائے ۴ جولائی ۱۹۳۲ء لغایت ۸ جولائی ۱۹۳۲ء عدالت ہائی کورٹ ہوئی۔ بغرض اشاعت گزٹ سرکاری کو مرسل ہو

۸ جولائی ۱۹۳۲ء

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر

| تاریخ | نام اجلاس | نام فریقین | نوعیت مقدمہ | نتیجہ |
|---|---|---|---|---|
| [illegible] | تعطیل عید | | | |
| ″ | جناب عالی مرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر | رحیم اللہ وغیرہ بنام سرکار بہادر | اپیل فوجداری بجرم دفعہ ۳۰۲/۱۲۹ ت | بعد سماعت بحث زیر تجویز |
| ″ | مسٹر جسٹس ارشاد اللہ خاں صاحب بہادر | | | |
| ″ | مسٹر جسٹس ″ | سرکار بہادر بنام منجھا وغیرہ | ابتدائی سیشن بجرم دفعہ ۱۲۰ ت | آج ۴ کس گواہان ثبوت کے بیانات قلمبند ہوئے مقدمہ کل پیش ہو |
| ″ | محمود خاں صاحب بہادر ″ | ″ اصغر ملزم | ″ ″ دفعہ ۱۲۰ ت | بحث سماعت ہوئی مقدمہ ۸ جولائی کو پیش ہو۔ |
| ″ | ″ | گنگا پرشاد بنام شماؤ پرشاد | ابتدائی دیوانی بدعوی تقسیم ترکہ | آج دیگر مقدمہ کی سماعت ہوئی اسلئے نوبت پیشی مقدمہ ہذا کی نہیں آئی لہذا مقدمہ ہذا ۱۳ جولائی کو پیش ہو |
| ″ | ″ | حشمت علی بنام حسن وغیرہ | اپیل دیوانی بدعوی ۵ ر | ۲ ماہ دیو ۸ د پیر حسب ضابطہ طلب کئے جائیں مقدمہ ۱۹ جولائی کو پیش ہو |
| ″ | ″ | سرکار بہادر بنام سید محفوظ علی و پہلوان ملزمان | ابتدائی سیشن بجرم دفعہ ۲۲/۲۲۰ ت | بہ ثبوت جرم دفعہ ۲۲۰ ت سید محفوظ علی ملزم ۹ ماہ قید سخت کا و پہلوان ملزم ڈیڑھ سال قید سخت کا سزایاب ہو |
| ″ | مسٹر جسٹس محمود خاں صاحب بہادر | سرکار بہادر بنام حیدر شاہ وغیرہ | ابتدائی سیشن بجرم دفعہ ۳۲ ت | حیدر شاہ ملزم حاضر ہو بہ ثبوت جرم دفعہ ۳۲ ت ڈیڑھ سال قید سخت کا سزایاب ہو اور بمقابلہ علی شاہ ملزم مقدمہ بقیہ ہونیکیلئے بتاریخ ۲۲ جولائی پیش ہو |
| ″ | محمود خاں صاحب بہادر | ″ حشمت وغیرہ | ″ ″ ۳۰۴ ت | منظوری ضمانت میں ذی علم اسٹیٹ ایڈووکیٹ کو اعتراض نہیں ہے لہذا قرار پایا کہ ملزم تا صدور حکم ثانی جیل سے رہا رکھا جائے |
| ″ | ″ | محبوب علی بنام منظور علی وغیرہ | ″ دیوانی بدعوی تقسیم ترکہ | بعد سماعت بحث زیر تجویز |
| ″ | ″ | بھوکن وغیرہ بنام سرکار بہادر | اپیل فوجداری بجرم دفعہ ۳۰۹ ت | اپیل بھوکن لال نسبت تجویز سزا نامنظور ہو۔ لیکن اپیلانٹ بجائے ۶ ماہ قید سخت کے ۳ ماہ قید سخت کا سزایاب کیا جاتا ہے |
| ″ | ″ شاہ وہاب صاحب بہادر | شاہ بیگم وغیرہ بنام نبی حسین | ″ دیوانی بدعوی تقسیم ترکہ | بعد سماعت بحث زیر تجویز |
| ″ | ″ صاحب چیف جسٹس بہادر | کبری بیگم بنام شبیر احمد خاں | نگرانی ″ بدعوی شفعہ ترکہ | نگرانی سائلہ نامنظور ہو۔ خرچہ غالب ذمہ مطلوب عائد ہو۔ |
| ″ | مسٹر جسٹس محمود خاں صاحب بہادر | کنہی لال بنام نقشبند خاں | درخواست اجرائے ڈگری [illegible] ۱/۹ | جائداد نیلام طلب کا ٹھیک نہیں دیا جا سکتا مسل میعاد قانونی کے لئے ملتوی رہو۔ |
| ″ | صاحب چیف جسٹس بہادر مسٹر جسٹس محمود خاں صاحب بہادر | گنگا سہائے بنام معشوق علی وغیرہ | اپیل برات فوجداری بجرم دفعہ ۳۲۵ ت۔ | بعد سماعت بحث زیر تجویز |
| | ″ | بتیا بیگم بنام جانکی پرشاد | اپیل دیوانی بدعوی [illegible] | ″ |

| تاریخ | دن | نام اجلاس | نام فریقین | کیفیت مقدمہ | نتیجہ |
|---|---|---|---|---|---|
| ۴ر جولائی | شنبہ | عالیمرتبت مسٹر جسٹس ارشاد اللہ خاں صاحب | ذوالفقار علی خاں بنام عبدالمجید خاں | اپیل دیوانی بدعویٰ ۱۰۰ روپے زرِ دیانت | بعد سماعت بحث زیر تجویز |
| " | " | " " محمود شاہ جی صاحب بہادر | سرکار بہادر بنام اصغر ملزم | ابتدائی سیشن بجرم دفعہ ۳۰۲ تعزیرات | آج بحث سماعت ہوئی مقدمہ بغرض صدور تجویز ۱۰ر جولائی کو |
| " | " | " " " " | " " محمد جان وغیرہ | " " ۳۰۲ ت | کیفیت معائنہ مدعیہ شفاخانہ سے نہیں آئی ہے لہذا مقدمہ ملتوی ہوکر ۱۱ر جولائی کو پیشی ہو۔ |
| " | " | " " " " | سید شجاعت علی بنام محمد رضا خاں | اپیل دیوانی بدعویٰ انفکاک رہن مکان امانت | منشی ناصرالدین وکیل اپیلانٹ دیگر اجلاس میں کار دیگر میں مقدمہ کر رہے ہیں۔ وقت ختم ہوگیا لہذا مقدمہ ۱۱ر جولائی |
| " | " | " " " " | " " بنام نوشہ خاں | " " " امانت | " |
| " | " | " " " " | " " " " شمس آرا بیگم | " " " امانت | " |
| " | " | " صاحب چیف جسٹس بہادر<br>" مسٹر جسٹس ارشاد اللہ خاں صاحب بہادر | رحیم اللہ و کلی احمد قیدیان اپیلانٹ بنام سرکار بہادر | اپیل فوجداری بجرم دفعہ ۳۰۴ | اپیل رحیم اللہ قیدی کا نامنظور رہا اور اپیل کلی احمد قیدی منظور ہوکر تجویز و حکم سزا مجوزہ فاضل واحد جج بابت کلی احمد کے منسوخ اور کلی احمد قیدی جیل سے فوراً رہا کیا جائے |
| " | " | " صاحب چیف جسٹس بہادر<br>" مسٹر جسٹس محمود شاہ خاں صاحب بہادر | سرکار بہادر بنام معشوق علی وغیرہ | اپیل بمنات فوجداری بجرم دفعہ ۳۲۴ - تعزیرات رامپور | اپیل فاضل اسٹیٹ ایڈوکیٹ منظور رہ کر حکم دیا جاتا ہے کہ معشوق علی ملزم بثبوت جرم دفعہ ۳۲۴ ت ایک ماہ قید سخت کا اور مسمیان صدیق علی۔ صادق علی۔ منظور محمد۔ منظور علی۔ منور علی۔ مجید۔ معصوم علی و چھوٹا الزمان بجرم دفعہ مذکور پچاس پچاس روپیہ جرمانہ سزایاب ہوں۔ بصورت عدم ادائے جرمانہ ایک ایک ماہ قید سخت سے سزایاب ہوں۔ |
| ۶ر " | دوشنبہ | " صاحب چیف جسٹس بہادر | حکیم شمس الدین خاں بنام میاں فتح علی خاں | نگرانی بعینہ وقت بنسبت تونی ترکہ | بغرض ادخال حساب مقدمہ بتاریخ ۱۰ر جولائی پیش ہو |
| " | " | " مسٹر جسٹس ارشاد اللہ خاں صاحب بہادر | شاکرہ بیگم بنام صابر علی خاں | ابتدائی دیوانی بدعوے قبضہ حقیت زمینداری تعین المستحقین | آج ایک گواہ مدعی کا بیان قلمبند ہوا ثبوت فریقین ختم۔ مقدمہ بحث کے لئے ۲۰ر جولائی کو پیش ہو۔ |
| " | " | " | منی لال بنام برجموہن لال | اپیل دیوانی بدعویٰ زر قیمت مال | وکیل اپیلانٹ بیمار ہیں لہذا مقدمہ ملتوی ہوکر ۱۸ر جولائی کو |
| " | " | " | نذیر حسین بنام شامجی مل | " " " بر روئے تمسک صاحب زندگی علاقہ غیر | " " بوجہ علالت بحث کے لئے تیار نہیں ہیں لہذا ۲۰ر جولائی کو پیش ہو۔ |
| " | " | " محمود شاہ جی خاں صاحب بہادر | خورشید خاں بنام سرکار بہادر | اپیل فوجداری بجرم دفعہ ۴۱۱ ت | بعد سماعت بحث حکم ہوا کہ مقدمہ بغرض صدور تجویز ۲۰ر جولائی |
| " | " | " " " " | سراج بنام کنور بہادر | " دیوانی بدعوی تقسیم مکانات | وکلائے فریقین نے بیان کیا کہ فریقین میں تصفیہ کی امید ہے مقدمہ ملتوی فرمایا جائے۔ لہذا مقدمہ ۲۰ر جولائی کو |
| ۸ر " | چہارشنبہ | " " " " | حبیب علی خاں بنام حاجی مہربان علی | " " " زر صمانت | دستاویز اقرارنامہ منجانب وکیل اپیلانٹ پیش ہوئی وکیل ریسپانڈنٹ کو جواب کے لئے مہلت دی جائے ۲۰ر جولائی کو پیشی ہو۔ |
| " | " | " " " " | محمد یونس خاں بنام شاہ نیاز بیگم | " " " تقسیم مکانات | وکیل اپیلانٹ دیگر اجلاس میں پیروی مقدمہ کے لئے چلے گئے ہیں وکیل ریسپانڈنٹ کو التوائے مقدمہ میں کوئی اعتراض نہیں ہے ۲۲ر جولائی کو پیشی ہو |
| " | " | " " " " | حفیظ اللہ اپیلانٹ بنام کبیر اللہ خاں | اپیل دیوانی بمنات حق شفعہ مکان | اپیل منظور ہوکر فیصلہ عدالت ماتحت منسوخ ہوکر ڈگری |
| " | " | " صاحب چیف جسٹس بہادر و عالیمرتبت مسٹر جسٹس احسان اللہ خاں صاحب بہادر | چھوٹے لال بنام جواہر لال | " دوم " " مالیت مرہونہ | وکیل ریسپانڈنٹ علیل ہیں لہذا مقدمہ ملتوی ہوکر تاریخ ۲۰ر جولائی |
| " | " | عالیمرتبت مسٹر جسٹس ارشاد اللہ خاں صاحب بہادر | محمد حسن بنام عبدالرشید خاں وغیرہ | اپیل دیوانی بدعوے ... | بعد سماعت بحث زیر تجویز |

# احکام ناظم صاحب جنوبی

## وضع تنخواہ

۲۹ر جون ۱۹۳۷ء

مثبتہ رپورٹ تحصیلدار صاحب شاہ آباد
دربارہ صدور حکم منظوری وضع تنخواہ
ایک یوم ۱۹ر مئی ۱۹۳۷ء نادر شاہ خاں
ضلعدار تحصیل شاہ آباد بوجہ غیر حاضری
از حلقہ بتاریخ ۱۹ر مئی ۱۹۳۷ء

### حکم

حسب اتفاق رائے تحصیلدار صاحب ضلعدار کی ایک یوم کی تنخواہ بوجہ غیر حاضری وضع کیجائے اور احکام حسب ضابطہ صدر سے جاری ہوں۔

دستخط ناظم صاحب جنوبی

## جرمانہ

۲ر جولائی ۱۹۳۷ء

مثبتہ رپورٹ تحصیلدار صاحب حضور تحصیل
دربارہ منظوری جرمانہ ۲ر پر مقصود علی خاں
ضلعدار بقصور تاخیر ارسال کرنے کاغذات
استغاثہ کاشت چھٹن خاں ولد محمد خاں
کاشتکار موضع گروہ پرگنہ حضور تحصیل

### حکم

منشی مقصود علی خاں ضلعدار پر حسب سفارش تحصیلدار صاحب حضور تحصیل بقصور تاخیر ارسال کرنے کاغذات ۲ر جرمانہ کیا جاتا ہے۔ احکام سررشتہ صدر سے جاری ہوں بعد پیش پاس تحصیلدار صاحب حضور تحصیل مرسلہ ہو۔

دستخط ناظم صاحب جنوبی

## مستقلی

۳ر جولائی ۱۹۳۷ء

مثبتہ رپورٹ تحصیلدار صاحب حضور تحصیل
دربارہ صدور حکم مستقلی غلام محمد خاں ضلعدار
حضور تحصیل حلقہ دلیل نگر۔

### حکم

حسب سفارش تحصیلدار صاحب حضور تحصیل غلام محمد خاں بر مشاہرہ ۵ ماہوار مستقل کیا جاتا ہے۔ احکام ضابطہ سررشتہ صدر سے جاری ہوں

دستخط ناظم صاحب جنوبی

### حکم

بخدمت شریف ڈپٹی سکریٹری صاحب صدر

جنابمن

نوٹس حسب دفعہ ۱۵۔ قانون کورٹ آف وارڈس ریاست رامپور آپکے پاس روانہ کیا جاتا ہے۔ اسکو درج گزٹ کرادیا جائے اور ایک ایک نقل نوٹس ہذا کی ہر سہ تحصیلدار صاحبان کے پاس روانہ کرادی جائے۔ تحصیلدار صاحبان حسب ضابطہ منادی کرادیں۔ ۵ر جولائی ۱۹۳۷ء

دستخط ناظم صاحب جنوبی

## نوٹس

بموجب دفعہ (۱۵) قانون کورٹ آف وارڈس اسٹیٹ رامپور چونکہ بذریعہ اعلان مجریہ اجلاس عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر مورخہ ۴ر مئی ۱۹۳۶ء مطبوعہ رامپور اسٹیٹ گزٹ مورخہ ۲۲ر مئی ۱۹۳۶ء مشتہر کیا گیا تھا کہ کورٹ آف وارڈس ریاست رامپور سے جناب صاحبزادہ صاحب سید اسد اللہ خاں صاحب بہادر و صاحبزادی صالحہ بیگم صاحبہ صاحبزادی

خورشید جہاں بیگم صاحبہ نابالغان پسر و دختران جناب صاحبزادہ سید احمد اسعد خاں صاحب بہادر کی جائداد منقولہ و غیر منقولہ کا اہتمام اپنے ہاتھ میں لے لیا ہے اور کورٹ آف وارڈس مذکور نے ناظم کو اپنی جانب سے مہتمم مقرر کیا ہے۔ لہذا بموجب دفعہ (۱۷) قانون کورٹ آف وارڈس ریاست رامپور بغرض اطلاع خاص و عام نوٹس دیا جاتا ہے۔ کہ وہ جملہ اشخاص جنکے دعاوی یا قرضہ جات بصورت ڈگری یا زر نقد خواہ وہ بذریعہ رہن جائداد یا کسی اور طور پر حاصل کیا گیا ہو ڈگری جناب صاحبزادہ سید اسعد اللہ خاں صاحب بہادر و صاحبزادی صالحہ بیگم صاحبہ و صاحبزادی خورشید جہاں بیگم صاحبہ نابالغان مذکور واجب الادا ہوں۔ اُن کو لازم ہوگا کہ وہ اس نوٹس کی تاریخ اشاعت اسٹیٹ گزٹ رامپور سے چھ ماہ کے اندر تحریری اطلاع اسکی اجلاس ہذا میں پیش کریں جس سے نوٹس ہذا جاری کیا جاتا ہے۔

**المشتہر**

ابو سعید محمد وجیہ اللہ خاں — ناظم ریاست رامپور

نوٹ۔ ان لوگوں کو جنکے دعاوی یا بار قرضہ جات وارڈس مذکورہ بالا کی جائداد کے ذمہ ہوں انکو لازم ہوگا کہ دفعات ۱۷ لغایت ۲۳ قانون کورٹ آف وارڈس رامپور اسٹیٹ کی پابندی کریں

## حکم ڈپٹی ڈائرکٹر صاحب زراعت

### رخصت

۳ر جولائی ۱۹۳۳ء

مثبتہ درخواست رفیق احمد خاں کمپونڈر اسپتال تحصیل سوار بابت عطائے منظوری رخصت رعایتی پندرہ ۱۵ یوم بوجہ علالت خود از یوم استفادہ معہ تصدیق آفٹ سیکشن

### حکم

رفیق احمد خاں کمپونڈر ویٹرنری ڈپارٹمنٹ کی رخصت پندرہ ۱۵ یوم۔ یوم استفادہ سے منظور کیجاتی ہے حسب تصدیق آفٹ رعایتی رخصت کا استحقاق نامبردہ کو حاصل ہے بشرط منظوری صدر سے حسب ضابطہ احکام جاری ہوں۔

دستخط ڈپٹی ڈائرکٹر صاحب زراعت

### تقرر

۶ر جولائی ۱۹۳۳ء

سید شرافت علی ولد سید سلامت علی باشندہ ریاست رامپور تخفیف شدہ ایگریکلچر نسر زیکم مئی ۱۹۳۳ء سے محکمہ زراعت میں بزمرہ کامداران بطور نانان پیڈ اپرنٹس کام انجام دے رہے اس عرصہ میں نامبردہ کا کام قابل اطمینان پایا گیا لہذا سید شرافت علی مذکور کا تقرر یکم جون ۱۹۳۳ء سے بزمرہ کامداران بمشاہرہ پندرہ (۱۵) روپیہ ماہانہ منظور کیا جاتا ہے۔ چھ ماہ تک بطور غیر مستقل پندرہ روپیہ مشاہرہ ملیگا اور بعد چھ ماہ بشرط خوبی کار مستقل کیجائیگی تنخواہ ۱ شمارہ (۱۵) روپیہ ماہوار مستقلاً ملیگی۔ صدر سے حسب ضابطہ احکام جاری ہوں۔

دستخط ڈپٹی ڈائرکٹر صاحب زراعت

# نقشہ بارش ہفتہ وار من ابتدائے ۲۹ جون لغایۃ ۵ جولائی ۱۹۳۷ء ریاست رامپور

| تاریخ و دن | صدر [illegible] | | تحصیل بلاسپور | | تحصیل سوار | | تحصیل شاہ آباد | | تحصیل ملک | | تحصیل ٹانڈہ | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | بارش روزانہ | بارش ازابتدا | بارش روزانہ | بارش ازابتدا | بارش روزانہ | بارش ازابتدا | بارش روزانہ | بارش ازابتدا | بارش روزانہ | بارش ازابتدا | بارش روزانہ | بارش ازابتدا |
| ۲۹ جون ۱۹۳۷ء یوم سہ شنبہ | ۰ | ۲ ¾ | ۰ | ۳۳ | ۰ | ۳۵ | نقشہ نہیں آیا | | ۰ | ۲۷ | ۰ | ۱۱ |
| ۳۰ جون ۱۹۳۷ء یوم چہارشنبہ | ۰ | ۲ ¾ | ۳ | ۳۶ | ۰ | ۳۵ | بشرح صدر | | ۵ | ۳۲ | ۰ | ۱۱ |
| یکم جولائی ۱۹۳۷ء یوم پنجشنبہ | ۲۰ | ۲۲ ¾ | ۲ | ۳۸ | ۰ | ۳۵ | بشرح صدر | | ۰ | ۳۲ | ۶ | ۱۷ |
| ۲ جولائی ۱۹۳۷ء یوم جمعہ | ۱۰ | ۳۲ ¾ | نقشہ نہیں آیا | | ۳ | ۳۸ | بشرح صدر | | ۷ | ۳۹ | ۵ | ۲۲ |
| ۳ جولائی ۱۹۳۷ء یوم شنبہ | ۱ ½ | ۳۴ | بشرح صدر | | ۱ ½ | ۳۹ ½ | بشرح صدر | | ۳۳ | ۷۲ | نقشہ نہیں آیا | |
| ۴ جولائی ۱۹۳۷ء یوم یکشنبہ | ۰ | ۳۴ | بشرح صدر | | نقشہ نہیں آیا | | بشرح صدر | | نقشہ نہیں آیا | | بشرح صدر | |
| ۵ جولائی ۱۹۳۷ء یوم دوشنبہ | ۰ | ۳۴ | بشرح صدر | | بشرح صدر | | بشرح صدر | | بشرح صدر | | بشرح صدر | |

# نقشہ اجناس ریاست رامپور بابت ہفتہ اوّل ماہ جولائی سنہ ۱۹۳۷ء

| نام جنس | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گندم | ۹-۰ ار<br>۱۰ ار | ۱۱ ار | ۱۰-۰-۱۰ ار | ۱۱ ار | ۱۰-۱۱ ار | ۱۱ ار | |
| نخود ترائی | ۱۵-۰ ار<br>۱۶ ار | ۱۵-۰ ار | ۱۶-۰ ار | ۱۶ ار | ۱۸ ار | ۱۲ ار | |
| نخود کٹ آمیز | ۱۵-۰ ار<br>۱۵-۰ ار | ۱۶-۰ ار | ۱۸ ار | ۱۶-۰ ار | ۲۰ ار | ۱۶ ار | |
| کرنہ | ۱۶ ار<br>۱۶ ار | ۱۶-۰ ار | ۲۰ ار | ۱۶-۰ ار | ۲۰ ار | ۱۶-۰ ار | |
| ماش | ۹ ار<br>۹ ار | ۹ ار | ۹ ار | ۹ ار | ۹-۰ ار | ۹ ار | |
| مونگ | ۶ ار | ۸ ار | ۰ | ۶ ار | ۶ ار | ۹ ار | |
| مکا | ۳۰-۰ ار<br>۳ ار<br>۵ ار | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | |
| جئی | ۱۸-۰ ار<br>۱۹ ار | ۰ | ۲۰ ار | ۱۸ ار | ۲۲ ار | ۲۰ ار | |
| گوجئی | ۰ | ۰ | ۱۳ ار | ۱۵ ار | ۱۴ ار | ۱۶ ار | |
| عدس | ۱۳-۰ ار | ۱۲ ار | ۱۲ ار | ۱۳ ار | ۱۳ ار | ۱۲ ار | |
| ارہر | ۱۰-۰ ار<br>۱۱ ار | ۱۱ ار | ۱۱ ار | ۱۲ ار | ۱۳-۰ ار | ۱۲ ار | |
| برنج | ۷-۰ ار<br>۸ ار | ۷ ار<br>۷ ار | ۷-۰ ار | ۷-۰ ار | ۸ ار | ۸ ار | |
| روغن زرد | ۳ ر ار<br>۳ ۱۱ ار | ۳ ار | ۳ ار | ۳ ار | ۳ ار | ۳ ار | |
| روغن سیاہ | ۲ ار<br>۲ ر ار | ۲-۰ ار | ۲ ار | ۲ ار | ۲ ار | ۲ ار | |
| روغن کنجد | ۱-۰ ر ار | ۱-۰ ۱۱ ار | ۱-۰ ار | ۱-۰ ار | ۳ ار | ۰ | |
| نمک سانبھر | ۱۰-۰ ار<br>۱۱ ۱۱-۰ ار | ۱۱ ۱۱ ار | ۱۰-۰ ار | ۱۱ ار | ۱۰ ار | ۱۱ ر ار | |
| نمک لاہوری | ۹ ار | ۸ ار | ۷ ار | ۷ ار | ۰ | ۸ ار | |
| قند سیاہ | ۱۱-۰ ار<br>۱۲-۰ ار | ۱۴ ار | ۱۰ ار | ۱۰-۰ ار | ۰ | ۱۵ ار | |
| ابسیرہ | ۱۱ ار | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | |
| | | | | | | | |

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)